# S.S. Lehar,
Sr. Advocate



ADVOCATE

**High Court of Jammu & Kashmir**
***Jammu / Srinagar***


# تمہید

مہاراجا پرتاپ سنگھ نے انگریزی کو ہٹا کر اُردو کو ریاست جموں وکشمیر کی سرکاری زبان بنایا تھا۔تب سے لے کر آج تک اُردو نے ریاست کو یکجا رکھنے کے لئے اور ادبی وثقافتی اقدار کو زندہ رکھنے کے لئے کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں۔اُردو نے جہاں صوفیوں کے روحانی جذبات کو لوگوں تک شاعری کے ذریعہ پہنچایا وہاں پر خواجہ دِل محمد کی گیتا، پنڈت برج نارائن چکبست کی راماین اور نذیرؔ اکبر آبادی کا کرشن پریم بھی اِس میں اُجاگر ہے۔اُردو کا دامن حب الوطنی و بھائی چارے کے نغموں سے لبریز ہے اور انسانی مسائل وقدروں کو اُجاگر کرنے میں اِس کا جھنڈا سر بُلند ہے۔

مگر 1947 کے بعد ڈوگرہ حکمرانوں کے جانے کے بعد ریاست کی سرکاری زبان ہونے کے باوجود یہ زبان اپنے مقام کو نہ پاسکی اور آج بھی ریاست میں انگریزی کا ہی بول بالا ہے۔ہماری قانونی کتابیں اُردو میں دستیاب نہیں ہیں اور اُردو ہمارے دفاتر سے غائب ہوگئی ہے۔ریاست کی سب سے اہم کتاب یعنی ''آئینِ جموں وکشمیر'' (ترمیم شُد) اُردو میں دستیاب نہیں ہے۔یہ اِس زبان کی ہی نہیں بلکہ اُن لوگوں کی بھی توہین ہے جنہوں نے اُردو کو سرکاری زبان بنایا ہے۔ریاست کی کسی بھی علاقائی زبان کے ساتھ اُردو کا ٹکراؤ نہیں ہے کیونکہ اُردو کا دامن اتنا وسیع ہے کہ یہ ہر علاقائی زبان کو اپنے اندر سمو لیتی ہے۔1947 کے بعد اُردو کے بہترین اُدباء گُمنامی کی زندگی گزار کر اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے اور جو حیات ہیں وہ بھی سرکار کی سرپرستی سے محروم ہیں۔جے کے لاء ہاؤس کے مالک شری سُنیل گُپتا نے مُجھے اس کے لئے راغب کیا کہ میں آئین جموں کشمیر اُردو میں تحریر کروں۔جسے مَیں نے خوشی خوشی قبول کر لیا کیونکہ یہ میرے نزدیک ایک اہم کام ہے۔میں نے صرف ابتدائی آئین ہی نہیں بلکہ آج تک ہوئی ترامیم بھی اس میں شامل کی ہیں تاکہ آئین سے بھی انصاف ہو سکے اور ریاست کی سرکاری زبان سے بھی۔مُجھے امید ہے کہ آپ میری اِس کاوش کو پسند کریں گے اور اگر آپ کی دُعائیں ہوں تو میں باقی قانونی کُتب کو بھی میں اُردو میں لانے کی پوری کوشش کروں گا۔

میری یہ کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوتی اگر ایڈووکیٹ روی ابرول اور قانون کے طالبِ علم سدھارتھ آنند کا مجھے تعاون حاصل نہ ہوتا۔جس کے لئے میں ان حضرات کا تہِ دِل سے مشکور وممنون ہوں۔


خادمِ اُردو

شیام سُندر آنند لہرؔ

سینئیر ایڈوکیٹ

پلاٹ نمبر 19 بخشی نگر جموں

چیمبر نمبر 29 سُپریم کورٹ آف اِنڈیا- 110001

رابطہ : 0191-2582657, 01123070856